## بے بی افضاء الطاف کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ بچوں کیلئے کھلونوں اور کپڑوں کا عطیہ خدمت خلق فاؤنڈیشن پہنچ گیا
## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں تمام کپڑے اور کھلونے متاثرہ بچوں میں تقسیم کیلئے اسٹال پر رکھ دیئے گئے، رابطہ کمیٹی نے اسٹال کا جائزہ لیا

لندن۔۔۔8، ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ بچوں کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے مخیر حضرات وعوام خصوصاً معصوم بچوں سے اپیل پر جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف نے اپنے تمام کھیلونے اور کپڑے پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ بچوں کو دینے اور انہیں عیدالفطر کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کردیئے۔ بے بی افضاء الطاف کے تمام کھلونے اور کپڑے پیر کے روز لندن سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں پہنچا دیئے گئے جس میں بے بی افضاء الطاف کے کپڑے، گڑیاں، ٹیڈی بیر، چوڑیاں اور جوتے کے علاوہ دیگر سامان شامل ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں اس سلسلے میں علیحدہ سے خصوصی کاؤنٹر بھی بنایا گیا ہے جہاں تمام کھلونے اور کپڑے رکھے گئے ہیں، عید سے قبل یہ تمام کھلونے اور کپڑے متاثرہ بچوں میں تقسیم کردیئے جائیں گے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، ڈاکٹر صغیر احمد اور سیف یار خان نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی صاحبزادی بے بی افضاء الطاف کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ بچوں کیلئے کھلونوں اور کپڑوں کا معائنہ کیا اور بے بی افضاء الطاف کے جذبے کی تعریف کی۔

## ملیشیاء کے قونصل جنرل خالد نے پترا کلب (PUTERA CLUB) کے ارکان کے ہمراہ منگل کے روز ایم کیوایم کے
## فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کر کے رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر صغیر احمد سے ملاقات کی
## وفد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کیلئے آلودہ پانی کو صاف کرنے کے فلٹرز پر مشتمل ایک ٹرک بھی عطیہ پیش کیا

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2010ء

ملیشیاء کے قونصل جنرل خالد نے پترا کلب (PUTERA CLUB) کے ارکان کے ہمراہ منگل کے روز ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کر کے رکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد سے ملاقات کی۔ وفد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کیلئے آلودہ پانی کو صاف کرنے کے فلٹرز پر مشتمل ایک ٹرک بھی عطیہ پیش کیا۔ اس سے قبل وفد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے اشیاء خوردونوش اور دیگر امدادی سامان کی سرگرمیوں کا بغور جائزہ لیا۔ علاوہ ازیں وفد نے ایم کیوایم کے ساتھ ملکر سیلاب زدگان کی امداد کے حوالے سے ملکر کام کرنے یقین دلایا اور ایم کیوایم کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے کئے جانے والے عملی خدمت کی تعریف کی۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر صغیر احمد نے وفد کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران وکارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متاثرین سیلاب کی بھرپور امداد کیلئے شبانہ روز مصروف عمل ہیں اور اس وقت ایم کیوایم کی جانب سے متاثرین سیلاب کی امداد جاری رہے گی جب تک وہاں بحالی آب وتعمیر نو کے کام کو مکمل نہیں کیا جائیگا۔ اس دوران انہوں نے وفد کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے ایم کیوایم کے ساتھ ملکر کام کرنے کے جذبے کو خیر مقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کے تحت خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں سیلاب متاثرین کیلئے امدادی تقریب کا انعقاد

## امدادی تقریب میں خواتین نے لاکھوں، ہزاروں روپے سے لیکر دس بیس روپے سیلاب متاثرین کیلئے عطیہ کئے

## ایم کیوایم شعبہ خواتین نے عطیہ کی گئی رقوم سے سیلاب متاثرین بچوں اور بچیوں کیلئے نئے سوٹ، جوتے، چوڑیاں اور مہندی خرید لیں

## عیدالفطر کے موقع پر سیلاب متاثرین بچوں اور بچیوں کیلئے نئے ملبوسات اور تحائف کیلئے ایم کیوایم کا ہر شعبہ فعال کردار ادا کر رہا ہے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام عیدالفطر پر سیلاب متاثرین کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے گزشتہ روز امدادی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی سیکٹروں اور یونٹ کی کارکنان اور ہمدرد خواتین نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنی استطاعت کے مطابق لاکھوں، ہزاروں روپے سے لیکر دس بیس روپے سیلاب متاثرین کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے عطیہ کئے۔ ایم کیوایم شعبہ خواتین نے عطیہ کی گئی رقوم سے دو سال سے بارہ سال تک کے سیلاب متاثرین بچوں کیلئے ہزاروں کی تعداد میں شلوار قمیض کے نئے سوٹ، نئے جوتے، چوڑیاں اور مہندی خریدی اور یہ سامان ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے حوالے کیا تاکہ عیدالفطر سے قبل سیلاب متاثرین کے بچے اور بچیاں نئے جوتے اور نئے کپڑوں کے ساتھ عید منا سکیں۔ امدادی پروگرام کی تقریب میں بڑھ چڑھ کر کارخیر میں حصہ لینے والی خواتین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ میں ہر طبقہ ہائے زندگی کے لوگ شامل ہیں جن میں متمول گھرانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین سے لیکر درمیانے اور کم آمدنی والے گھرانے بھی شامل ہیں لیکن سیلاب متاثرین کیلئے سب کا جذبہ قابل دید ہے اور ان کے تعاون سے عیدالفطر کے موقع پر سیلاب متاثرین کے ہزاروں بچے عید کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سیلاب متاثرین کیلئے ایم کیوایم نے اپنی تمام تر سرگرمیوں کا منسوخ کردیا ہے اور عیدالفطر بھی سادگی سے منائی جارہی ہے اور سیلاب متاثرین کے بچوں اور بچیوں کو عیدالفطر کے موقع پر نئے ملبوسات اور تحائف کیلئے ایم کیوایم کا ہر شعبہ فعال کردار ادا کررہا ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اور حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی کے ہمراہ سیلاب زدگان کیلئے گھارو تھر میں قائم کی گئی خیمہ بستی کا دورہ کیا، متاثرین سیلاب سے ملاقات اور اظہارِ ہمدردی

گھارو۔۔۔8، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کیلئے گھارو تھر میں قائم کی گئی خیمہ بستی کا دورہ کیا اور متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کیں۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہیر اسماعیل سوہو بھی موجود تھی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے خیمہ بستی میں رہائش پذیر سیلاب متاثرین سے خیموں میں جاکر ملاقاتیں کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ سیلاب متاثرین نے خیمہ بستی بسا کر انہیں عارضی رہائش، کھانے پینے اور زندگی کی دیگر بنیادی ضروریات فراہم کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں جہاں کہیں بھی سیلاب سے لوگ متاثر ہوئے ہیں وہ ہمارے بھائی ہیں اور پریشانی اور مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیوایم سیلاب متاثرین کو ہرگز اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیلئے ملک بھر میں ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کروڑوں روپے کی امداد فراہم کرچکا ہے اور امدادی سرگرمیوں کا یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔

## سن چیریٹی یوایس اے کی USA *for* UNHCR کے تعاون کے ساتھ سیلاب زدگان کیلیے ARY پر ایک اور فنڈ ریزنگ ٹیلیتھون
## امریکی عوام کی جانب سے پچاس لاکھ ڈالر اور دوٹرک ادویات جمع کر لی گئیں

نیویارک۔۔۔8،ستمبر 2010ء

پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے سن چیریٹی یوایس اے کی جانب سے USA *for* UNHCR کے تعاون کے ساتھ اے آر وائی ڈیجیٹل ٹیلیویژن پر ہفتہ کو ایک اور فنڈ ریزنگ ٹیلیتھون منعقد کی گئی جو کامیابی سے ہمکنار ہوئی اور پچاس لاکھ امریکی ڈالر اور دوٹرک زندگی بچانے کی ادویات جمع کر لی گئیں یہ ٹیلیتھون شام ۹ بجے رات سے ۱۲ بجے رات تک جاری رہی ایک بار پھر عطیات دینے والوں کی کالوں سے ٹیلی فون کی لائینیں جام ہوگئیں۔اس ٹیلیتھون میں کی میزبانی سن چیریٹی یوایس اے کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عباد رحمان نے کی اور اس میں سن چیریٹی یوایس اے کے صدر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی،متعدد پاکستانی ریڈیو،فلم،اور ٹی وی کے فنکاروں اداکار مظہر علی،گلوکار تحسین جاوید،نعیم عباس روفی اور امریکہ میں مقیم برادریوں کے سماجی طور پر دیگر فعال افراد عبدالرحمان اعوان اور رانا منظور،اور سن چیریٹی یوایس اے کے دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اور عوام سے پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے امداد کی اپیل کی۔ٹیلیتھون شروع ہوتے ہی عطیات دہندگان نے ٹیلیتھون کے نمبر کے ساتھ ساتھ کارکنان اور رضاکاران کے ذاتی فون نمبروں پر بھی کالیں کر کے سن چیریٹی یوایس اے کی سیلاب زدگان کی امداد کیلئے کاوشوں کو سراہا،اعتماد کا اظہار کیا اور عطیات جمع کروائے۔ٹیلیتھون میں عطیات دہندگان کا جوش وخروش قبل دید تھا خاص طور پر ان بچوں کا جنہوں نے اپنے جیب خرچ سے سیلاب زدگان کے فنڈ میں عطیات جمع کروائے۔عطیات دہندگان نے سن چیریٹی یوایس اے کے ساتھ امریکہ میں اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیم USA *for* UNHCR کا سیلاب زدگان کیلئے امدادی کارروائیوں میں تعاون کے معاہدے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے سے سن چیریٹی یوایس اے کی کاوشوں کی شفافیت مزید ابھر کر سامنے آئی ہے جو پاکستانی کمیونٹی کے ہر فرد کیلئے ایک فخر کی بات ہے۔ٹیلیتھون میں مختلف مواقعوں پر سن چیریٹی یوایس اے کے ذمہ داران نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کے منصوبے کی تفصیلات بتائیں۔اس موقع پر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سیلاب اور اسکی تباہکاریاں اور اسکے بعد اٹھنے والے مسائل طویل المدتی ہیں اور متاثرین کی بحالی کیلئے سن چیریٹی یوایس اے طویل المدتی منصوبے اور اس پر عمل پیرا رہنے کا عزم کیے ہوئے ہے اور یہ کام دنوں کا نہیں بلکہ ہفتوں،مہینوں،اور شاید سالوں کا ہے۔انہوں نے کہا کہ سن چیریٹی یوایس اے سیلاب متاثرین کی طبعی بحالی کے ساتھ ساتھ انکی سماجی اور نفسیاتی بحالی کا بھی عزم رکھتی ہے۔ٹیلیتھون کے شرکاء نے پاکستانی میونٹی سے متاثرین کی امداد کیلئے سن چیریٹی یوایس اے کے فنڈ میں دل کھول کر عطیات جمع کروانے کی اپیل کی۔

## اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد بگیو نے ٹھٹھ زون کے اضلاع گھارو کا دورہ
## ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے پیرامیڈیکل ڈاکٹرز نے 500 سو سے زائد متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم کئے گئے کیمپ میں مریضوں کو علاج ومعالجے کے حوالے سے طبی سہولیات فراہم کیں

مکلی/گھارو۔۔۔8،ستمبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدیت پر اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن خالد بگیو نے ٹھٹھ زون کے زونل انچارج غلام خشک واراکین زونل کمیٹی کے ہمراہ گزشتہ دنوں ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ٹھٹھہ کے اضلاع گھارو میں متاثرین سیلاب کیلئے قائم ہونے والی خیمہ بستیوں کا دورہ کیا۔اس موقع انہوں نے سیلاب زدگان سے ملاقات کی اور انکے مسائل کو بغور سنا اس دوران انہوں نے متاثرین سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔علاوہ ازیں انہوں نے 200 سو متاثرین سیلاب کیلئے افطاری کا اہتمام کر کے انہیں افطاری بھی کرائی۔بعدازاں متاثرین سیلاب نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان کا شکریہ ادا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم میڈیکل یڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز نے 500 سو سے زائد متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ٹھٹھہ مکلی میں قائم کئے گئے طبی کیمپ میں مریضوں کو علاج ومعالجے کے حوالے سے طبی سہولیات فراہم کیں اس دوران میڈیکل کیمپوں پر مریضوں کثیر تعداد دیکھنے میں آئی ۔بعدازاں میڈیکل کیمپ سے طبی سہولیات سے مستفید ہونے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر اور اپنی نیک دلی خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## دہشت گردوں کے مذموم عزائم پاکستانی قوم کے سروں کونہیں جھکا سکتے، رابطہ کمیٹی

## ہنگو میں پولیس موبائل پر ریموٹ کنٹرول بم سے حملے، ڈی ایس پی سمیت دو پولیس اہلکاروں کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ہنگو میں پولیس موبائل پر ریموٹ کنٹرول بم حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ڈی ایس پی سمیت دو پولیس اہلکاروں کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس، پر حملوں میں ملوث دہشت گرد ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور بم دھماکوں کے ذریعے ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ قوم دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو سمجھ چکی ہے اور اب وہ جتنی چاہے دہشتگر دانہ کارروائیاں کرلیں اور معصوم لوگوں کے خون سے ہولی کھیل لیں لیکن دہشت گردوں کے مذموعزائم پاکستانی قوم کے سروں کونہیں جھکا سکتے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ہنگو میں پولیس موبائل پر ریمورٹ کنٹرول بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کے خاتمہ کیلئے مزید مئوثر اور سخت اقدامات کئے جائیں اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔

## رند مارکیٹ حب میں گیس سیلنڈر پھٹنے کے حادثہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔8، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حب میں رند مارکیٹ میں گیس سیلنڈر پھٹنے کے حادثہ میں متعدد افراد کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆